ذاتی جائزہ: 27

نمبر شمار	اپنے رب سے ڈرنے والوں کے لیے دو باغ ہیں	ہاں	نہیں
1	مجھے یہ یقین ہے کہ اللہ میری نگرانی کر رہا ہے، ایک دن مجھے اپنے رب سے جا ملنا ہے اور اس کے سامنے کھڑا ہونا ہے؟		
2	مجھے اللہ کی ذات، موت، قبر، برزخ، قیامت، حساب، پل صراط، جنت اور دوزخ پر یقین ہے؟		
3	میں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی قدرت وعظمت میں غوروفکر کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
4	میں قرآن مجید میں غوروفکر کرتا / کرتی ہوں؟		
5	مجھ پر قرآن مجید کی تلاوت کرتے اور سنتے وقت رقت طاری ہو جاتی ہے؟		
6	میں اللہ تعالیٰ سے اس طرح ڈرتا / ڈرتی ہوں گویا میں اللہ کو دیکھ رہا / رہی ہوں یا وہ مجھے دیکھ رہا ہے؟		
7	میں سب سے زیادہ محبت اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے کرتا / کرتی ہوں؟		
8	میں اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے، اجرِ عظیم حاصل کرنے، عذاب سے بچنے اور جنت میں داخل ہو کر اللہ تعالیٰ کا دیدار کرنے کے لیے اللہ کا ڈر اور خشیت اختیار کرتا / کرتی ہوں؟		
9	میرا اس بات پر یقین ہے کہ اللہ ظاہر اور باطن سب کو جانتا ہے؟		
10	میں اللہ کی محبت اور خوف کی وجہ سے اپنے اعمال اور اخلاق کی اصلاح کی کوشش کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
11	میرے دل میں جتنا اللہ کا ڈر ہے اتنی ہی اس سے محبت اور اچھی امید بھی ہے؟		
12	میں اللہ تعالیٰ سے اس قدر زیادہ نہیں ڈرتا / ڈرتی کہ اس کی وجہ سے بیمار یا غمگین ہو جاؤں اور نیک کام کرنے سے رک جاؤں؟		
13	میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر اللہ سے اس طرح نہیں ڈرتا / ڈرتی جیسا کہ اللہ سے ڈرنا چاہیے؟		
14	میں اللہ سے ڈرتے ہوئے جلد از جلد نیک اعمال کرنے اور برے اعمال چھوڑنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
15	میں اکثر اللہ تعالیٰ کے فیصلوں کی حکمت کو سمجھ جاتا / جاتی ہوں؟		
16	میں اپنے نیک اعمال کے قبول نہ ہونے اور ان کے ضائع ہونے کا خوف رکھتا / رکھتی ہوں؟		
17	میں اپنے گناہوں کی پکڑ سے ڈرتا رہتا / ڈرتی رہتی ہوں؟		
18	میں اللہ تعالیٰ سے ایسی خشیت جو گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے اس کی دعا مانگتا / مانگتی ہوں؟		
19	میں اکثر موت اور آخرت کا تذکرہ کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
20	میں بہت اونچی آواز سے اور قہقہہ مار کر نہیں ہنستا / ہنستی ہوں؟		
21	میں اکثر حشر کے دن اور حساب کے بارے میں سوچتا / سوچتی ہوں؟		
22	میں آخرت میں اپنے برے انجام اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے بارے میں سوچ کر خوف زدہ ہو جاتا / جاتی ہوں؟		
23	میں اللہ تعالیٰ سے نہ ڈرنے کے نقصانات مثلاً دل میں بگاڑ، گناہوں پر جرات، اللہ کے عذاب کو دعوت دینا، نصیحت قبول نہ کرنا، دنیا میں کھو جانا سے بچنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے ڈرتا / ڈرتی ہوں؟		

اللہ تعالیٰ سے ایسی خشیت مانگنا جو گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے

اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِکَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعَاصِیْکَ. [الکلم الطیب، ص:92]

اے اللہ! تو ہمیں اپنا ایسا خوف عطا فرما جو ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION